نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت راولپنڈی ڈویژن میں زرعی ترقی سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

خطہ پوٹھوار ہائی ویلیو کراپس کی کاشت کے لیے انتہائی موزوں ہے۔ خطہ پوٹھوار میں زراعت کی ترقی کے لیے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان تیار کیا جائے گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور10اگست2024: خطہ پوٹھوار ہائی ویلیو کراپس کی کاشت کے لیے انتہائی موزوں ہے۔ خطہ پوٹھوار میں زراعت کی ترقی کے لیے ایگریکلچر ٹرانفرمیشن پلان مرتب کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو راولپنڈی میں اعلی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس ان کا مزید کہنا تھا کہ خطہ پوٹھوار میں زرعی ترقی کے لیے محکمہ زراعت بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی، ایجنسی فار بارانی ایریا ڈویلپمنٹ، اور محکمہ آبپاشی کے درمیان مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب کا کہنا تھا کہ خطہ پوٹھوار میں مختلف پھلوں، اور سبزیوں، اور پھولوں کی پیداوار کے حوالے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس خطہ میں فصلات کی پیداوار کے ساتھ ساتھ مصنوعات کی تیاری کے حوالے سے تحقیقی کام کی ضرورت ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ زیتون اور مونگ پھلی اس خطہ کی بہت اہم فصلیں ہیں اور ان فصلات کی نئی اقسام کی تیاری اور ویلیو ایڈیشن پر تحقیقی کام کو تیز کیا جائے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے خطہ پوٹھوار میں ایگریکلچر ٹرانفریشن پلان بنانے کی منظوری دی اور اس تیاری کے لیے کمیٹی تشکیل دی جس کے صوبائی سطح پر فوکل پرسن ڈایریکٹر جنرل زراعت توسیع ہونگے جبکہ ڈویژن سطح پر ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن ہونگے۔ انہوں نے ایگریکلچرل ٹرانسفریشن پلان کو ایک ماہ کی مدت میں تیار کرنے کے لیے حکامات جاری کیے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ خطہ پوٹھوار میں ایگریکلچر ٹرانسفریشن پلان کو عملی شکل دینے کے لیے ترقی پسند کاشتکاروں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب نے تجویز دی کی سمال ڈیمز سے استفادہ کے لیے مربوط حکمت عملی بناہی جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم نے کہا کہ اصلاح آبپاشی سے خطہ پوٹھوار میں جدید نظام آبپاشی اور پانی کے وسائل کو بڑھانے کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سمال ڈیمز کے زریعے اس خطے میں ڈیڑھ لاکھ ایکڑ رقبہ کو سیراب کیا جا سکتا ہے جبکہ جلال پور اریگیشن سکیم سے 16 لاکھ 8 ہزار رقبہ کو سیراب کیا جا سکے گا۔ اس موقع پر ڈایریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن راولپنڈی سید شاہد افتخار بخاری کا کہنا تھا کہ مونگ پھلی کی جدید سطح کاشت کے لیے فروغ کے لیے مونگ پھلی کی پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد کیا جائے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن سید شاید افتخار بخاری ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی سید سجاد علی شاہ ڈائریکٹر بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال غلام ربانی ڈائریکٹر اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ ادارہ

چکوال ڈاکٹر رمضان عنصر، ڈائریکٹر کراپ رپوٹنگ چوہدری جعفر حسین ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈ راولپنڈی ذوالفقار علی کے علاوہ تمام راولپنڈی دویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر موجود تھے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زراعی تحقیق ڈاکٹر ساجد الرحمان اور ڈائریکٹر جنرل کراپ رپوٹنگ ڈاکٹر عبدلقیوم نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

☆☆☆☆